تبصرے

A BIBLIOGRAPHY OF IQBAL از جناب کے۰اے، وحید۔ تقطیع متوسط ضخامت ۲۲۴ صفحات، طباعت اور کاغذ اعلیٰ، قیمت درج نہیں، پتہ:۔ اقبال اکاڈمی پاکستان، کراچی۔

اقبال پر دنیا کی مختلف زبانوں میں اس کثرت سے لکھا گیا ہے کہ مشرق کے کسی فیلسوف شاعر پر شاید ہی لکھا گیا ہو۔ کسی نے ان کے فلسفہ پر لکھا اور کسی نے شاعری پر، کسی نے دونوں پر، کسی نے اُن کی شخصیت کا جائزہ لیا اور کسی نے اُن کے سیاسی افکار کو موضوعِ بحث بنایا۔ پھر کسی نے کلام کا ترجمہ کیا۔ کسی نے اُس کی شرح لکھی، ان سب مقالات اور کتابوں کو اگر یکجا کیا جائے تو ایک اچھی خاصی لائبریری وجود میں آسکتی ہے، خواجہ عبدالوحید صاحب نے یہ بڑا کام کیا کہ خود تخلیقاتِ اقبال اور اقبال سے متعلق جو کچھ لکھا گیا ہے ان سب کی ایک انڈکس بڑی خوش اسلوبی اور سلیقہ کے ساتھ مرتب کردی ہے جو ریسرچ کے طلبا کے لیے خصوصاً بڑے کام کی چیز ہے، اس میں شبہ نہیں کہ فہرست بڑی محنت اور تلاش و جستجو سے مرتب کی گئی ہے مگر پھر بھی یہ مکمل نہیں ہے، کیوں کہ ہمیں اس میں مولانا ابوالحسن علی میاں کی عربی میں کتاب "روائع اقبال" اور جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی کے رسالہ جوہر کے اقبال نمبر کا تذکرہ نہیں ہے۔ اس کے علاوہ چند اور چھوٹے موٹے مضامین اور پمفلٹ جن کا ہمیں علم ہے اُن کا بھی اس میں تذکرہ نہیں ہے۔

NATIONAL INTEGRATION AND OTHER ESSAYS.

از پروفیسر ایم، ایم شریف، تقطیع متوسط۔ ضخامت ۱۵۳ صفحات ٹائپ خوب جلی اور روشن قیمت مجلد چھ روپے، پتہ:۔ انسٹیٹوٹ آف اسلامک کلچر، کلب روڈ، لاہور۔

یہ کتاب پانچ مقالات کا مجموعہ ہے جو قیامِ پاکستان کے بعد لکھے گئے ہیں، ان میں آخری اور سب سے طویل مقالہ